# سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن سسٹم 2024/2026
# (ستمبر2026 میں سیکنڈری 1 میں داخلے کے لیے)
# اکثر پوچھے جانیوالے سوالات

## ڈسکریشنری پلیسز

**(1) سوال صوابدیدی جگہیں (DP) کیا ہیں؟**

جواب DP سیکنڈری 1 (S1) جگہیں ہیں جو کہ سیکنڈری اسکولز کی طرف سے طلباء کی اپنی صوابدید پر داخلے کے لیے تفویض کی جاتی ہیں۔ حکومتی، امداد یافتہ اور کیپٹ سیکنڈری اسکولز اپنی S1 جگہیں 30% سے زیادہ DP کے طور پر ریزرو نہیں رکھ سکتے ہیں، اور ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم (DSS) سیکنڈری اسکولز جو سیکنڈری اسکولز پلیسز ایلوکیشن (SSPA) سسٹم میں شریک ہوں، وہ اپنی S1 جگہوں کا 30% سے زیادہ DP کے طور پر ریزرو رکھ سکتے ہیں۔

**(2) سوال DP کے لیے درخواست دینے کا طریقہ کار کیا ہے؟**

جواب اس دور کے لیے DP درخواست کی مدت 2 جنوری (جمعہ) سے 16 جنوری 2026 (جمعہ) تک ہے۔ تمام سیکنڈری اسکولز جو SSPA سسٹم میں شریک ہیں (شریک سیکنڈری اسکولز) وہ اسی مدت کے اندر درخواستیں قبول کرتے ہیں۔

موجودہ دور کے شریک پرائمری 6 (P6) طلباء کے والدین 2025 کے اوائل میں اپنے بچوں کے پرائمری اسکولز کی طرف سے درخواست فارم برائے سیکنڈری ون ڈسکریشنری پلیسز (Application Form) کی دو نقول وصول کریں گے۔ جو طلباء شریک پرائمری اسکولز میں زیر تعلیم نہیں ہیں وہ ایجوکیشن بیورو (EDB) کے اسکول پلیسز ایلوکیشن سیکشن (ایڈریس: Podium Floor, West Block, Education Bureau Kowloon Tong Education Services Centre, 19 Suffolk Road, Kowloon Tong, Kowloon ؛ ٹیلی فون: 2832 7740 اور 2832 7700) سے 5 دسمبر 2025 تا 16 جنوری 2026 تک دفتری اوقات (پیر سے جمعہ صبح 8:30 بجے سے دوپہر 1:00 بجے تک اور دوپہر 2:00 بجے سے شام 6:00 بجے تک؛ ہر ہفتہ، ہر اتوار اور عوامی تعطیلات پر بند) کے دوران Application Forms وصول کر سکتے ہیں۔

والدین جنہوں نے SSPA e-Platform کے صارفین کے طور پر اندراج کروایا ہو اور اپنے اکاؤنٹ کو "iAM Smart+"[1] سے منسلک کیا ہو، وہ SSPA e-Platform کے ذریعے DP درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ مختلف والدین کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے، EDB کاغذی Application Form فراہم کرتا رہے گا۔ DP درخواستیں جمع کرانے کی تفصیلات کے لیے، والدین کو دسمبر 2025 کے اوائل میں EDB's Homepage پر اپلوڈ شدہ سیکنڈری ون ڈسکریشنری پلیسز کے لیے درخواست پر والدین کے لیے نوٹس کو غور سے پڑھنا چاہیے۔

جہاں تک شریک سیکنڈری اسکولز کی فہرستوں کا تعلق ہے تو، والدین دسمبر 2025 کی شروعات میں پرائمری اسکولز میں تقسیم شدہ سیکنڈری ون ڈسکریشنری پلیسز کے لیے درخواست کی ہینڈ بک (Handbook) سے رجوع کر سکتے ہیں۔ والدین EDB's Homepage کا وزٹ بھی کر سکتے ہیں تاکہ فہرستوں کو ڈاؤنلوڈ کر پائیں یا EDB کے 24 گھنٹے آٹومیٹک ٹیلی فون انکوائری سسٹم کے نمبر 2891 0088 پر کال کریں (دبائیں 2 (English) > 6 (Fax Services) > 04 (Secondary School Places Allocation System: School Lists)) تاکہ فیکس کے ذریعے فہرستیں حاصل کر پائیں۔

---

[1] "iAM Smart+" رجسٹریشن کی تفصیلات کے لیے، براہ مہربانی "iAM Smart" کی تھیمیٹک ویب سائٹ (www.iamsmart.gov.hk) پر جائیں (منتخب کریں: Home > "iAM Smart" Registration > Registration Methods)۔

**(3) سوال DP مرحلے پر والدین کتنے سیکنڈری اسکولز میں اپنے بچے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں؟ دو سے زائد شریک سیکنڈری اسکولز کو DP درخواستیں دینے کا کیا نتیجہ ہوتا ہے؟**

جواب DP کی درخواست اضلاع کی پابندی سے مشروط نہیں ہے۔ والدین دو سے زائد شریک سیکنڈری اسکولز میں اپنے بچے کے لیے درخواست نہیں دے سکتے ہیں۔ **والدین کو نوٹ کرنا چاہیے کہ اگر وہ DP کے لیے دو سے زائد شریک سیکنڈری اسکولز میں درخواست دیتے ہیں، قطع نظر اس کے کہ درخواستیں SSPA e-Platform کے ذریعے جمع ہوں یا کاغذی Application Form کی شکل میں، ان کے بچے کے لیے DP کی درخواستیں باطل قرار دی جائیں گی۔**

طالب علم/والدین کو موصول ہونے والے دو Application Forms میں سے، ایک میں اسکول کی ترجیحی ترتیب 1 اور دوسرے میں اسکول کی ترجیحی ترتیب 2 موجود ہوتی ہے۔ اسکول کی ترجیحی ترتیب1 کا مطلب طالب علم کی پہلی پسند ہے اور اسکول کی ترجیحی ترتیب 2 کا مطلب طالب علم کی دوسری پسند ہے۔ ہرApplication Form میں موجود منفرد درخواست نمبر کی بنیاد پر، EDB ہر طالب علم کے پہلے اور دوسرے انتخاب کا پتہ لگائے گا (کاغذی Application Form اور SSPA e-Platform کے ذریعے جمع کردہ درخواست میں یکساں نوعیت کی اسکول کی ترجیحی ترتیب کے ساتھ درخواستوں کے لیے ایک ہی درخواست نمبر ہوتا ہے)۔

**والدین کو ایک ہی بچے کے لیے SSPA e-Platform کے ذریعے اور کاغذی Application Form میں دہری درخواستیں جمع نہیں کرانی چاہئیں۔** اگر والدین نے دہری درخواستیں جمع کرائی ہیں (یعنی SSPA e-Platform اور کاغذی صورت دونوں کے ذریعے ایک ہی درخواست نمبر والی درخواستیں ایک ہی سیکنڈری اسکول میں جمع کرائی ہیں تو) ، ان درخواستوں کو صرف ایک درخواست کے طور پر شمار کیا جائے گا۔ لہذا، دہری درخواستوں سے اسکول تفویض کیے جانے کے امکانات میں اضافہ نہیں ہو گا۔ براہ مہربانی نوٹ کریں کہ والدین کو ایک ہی درخواست نمبر والی درخواستیں بالترتیب SSPA e-Platform اور کاغذی صورت کے ذریعے مختلف سیکنڈری اسکولز میں جمع نہیں کرانی چاہئیں۔ **بصورت دیگر، ان کے بچے کی DP کی درخواستیں باطل قرار دی جائیں گی۔**

**(4) سوال دو سے زائد شریک سیکنڈری اسکولز میں درخواست نہ دینے کے علاوہ، والدین کو اپنے بچوں کے لیے DP درخواست دیتے وقت کیا نوٹ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے؟**

جواب DP درخواست میں کامیاب ہونے والے طلباء کو سینٹرل ایلوکیشن (CA) میں اسکول کی جگہ تفویض نہیں کی جائے گی۔ اس لیے والدین کو چاہیے کہ وہ اپنی پسند کے اسکول (اسکولز) میں درخواست دیں۔ والدین کو یہ بھی نوٹ کرنا چاہیے کہ ایک بار جمع کرائے جانے پر، قطع نظر اس کے کہ درخواستیں SSPA e-Platform کے ذریعے جمع کرائی گئ ہوں یا کاغذی Application Form میں، **درخواستوں کو دوبارہ حاصل یا منسوخ نہیں کیا جا سکتا ہے، اور اسکول کی ترجیح کی ترتیب میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا سکتی ہے**۔ لہذا، والدین کو درخواست جمع کرانے سے پہلے بہت احتیاط سے غور کرنا چاہیے تاکہ مناسب انتخاب کیا جا سکے۔

**(5) سوال والدین کو اپنے بچوں کے لیے اسکول کا انتخاب کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟**

جواب والدین کو اسکول کے تمام پہلوؤں پر غور کرنا چاہئے، مثلاً اس کا تعلیمی فلسفہ، روایت، مذہب، طبقاتی ڈھانچہ، ترقی اور تدبیر، اور اپنے بچوں کی خصوصیات، شخصیت، صلاحتیں اور دلچسپیاں پیش نظر رکھنی چاہئیں تاکہ اسکول کا مناسب انتخاب کیا جا سکے۔

اسکول اپنے تعلیمی فلسفے اور خصوصیات کے مطابق اپنے داخلے کے طریقہ کار، داخلے کے معیار اور درجہ بندی کے بارے میں خود فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اسکول کے ذریعے اختیار کردہ داخلے کے معیارات اور عطائےدرجہ بندی کو بے عیب، منصفانہ، واضح اور تعلیمی اعتبار سے درست ہونا چاہیے، اور DP درخواست کی مدت سے قبل اسے عام کیا جانا چاہیے، مثلاً اسکول کی نمایاں جگہ پر آویزاں کرکے، اسکول کے ہوم پیج پر اپ لوڈ کرکے، Secondary School Profile پر شائع کرکے یا ہر درخواست دہندہ کو تحریری طور پر مطلع کر کے ایسا کیا جائے۔ اسکول انٹرویوز کا انتظام کر سکتے ہیں، لیکن کسی بھی شکل میں کوئی تحریری امتحان نہیں لیا جانا چاہیے۔

والدین دسمبر 2025 کے اوائل میں کمیٹی آن ہوم-اسکول کواپریشن کے ذریعے تقسیم کردہ Secondary School Profiles سے رجوع کر سکتے ہیں، یا اسکول کی تازہ ترین پیشرفت کے لیے Secondary School Profiles ہوم پیج اور اسکول کے ہوم پیج پر جا سکتے ہیں۔

**(6) سوال چونکہ سیکنڈری اسکولز کو داخلے کے مقصد کے لیے کسی بھی شکل میں تحریری امتحان لینے کی اجازت نہیں ہے، وہ درخواست دہندگان کی کارکردگی کا اندازہ کیسے لگا سکتے ہیں؟**

جواب درخواستوں کی جانچ داخلہ کے معیارات اور اسکولز کے مقرر کردہ عطائے وزن کی بنیاد پر کی جائے گی، مثلاً طلباء کی تعلیمی اور غیر تعلیمی کارکردگی۔ بعض اسکول داخلے کے لیے موزوں طلباء کو منتخب کرنے کے لیے درخواست دہندگان کی اہلیت، دلچسپی اور صلاحیت کو سمجھنے کے لیے انٹرویوز کا استعمال بھی کریں گے۔

**(7) سوال DP درخواست دیتے وقت، درخواست کردہ سیکنڈری اسکول میں کن دستاویزات کو جمع کرنے کی ضرورت پڑتی ہے؟**

جواب اگر والدین کو اسکول کی ترجیح کی ترتیب (اسکول کی ترجیحی ترتیب 1 یا اسکول کی ترجیحی ترتیب 2) کے مطابق ترجیحی سیکنڈری اسکولز کا انتخاب کرنے کے بعد، SSPA e-Platform کے ذریعے DP درخواست جمع کرانی ہو تو، انہیں پہلے طالب علم کی شناختی دستاویزات اپ لوڈ کرنا ہوں گی، پھر سیکنڈری اسکولز کی طرف سے مطلوبہ دستاویزات کو دستاویز کے زمرے کی بنیاد پر متعلقہ فولڈروں میں اپ لوڈ کرنا ہوگا (مثلاً ، تکمیل شدہ اسکول پر مبنی درخواست فارم، رپورٹ کارڈز کی کاپیاں اور سندوں اور انعامات کا ریکارڈ)، اور"iAM Smart+" کے ساتھ درخواست کی تکمیل کے لیے اس پر ڈیجیٹل دستخط کرنا ہوگا۔ **<u>جن والدین نے اپنی DP درخواستیں SSPA e-Platform کے ذریعے جمع کرائی ہوں، انہیں Application Form for Secondary One Discretionary Place دوبارہ سیکنڈری اسکولوں میں جمع نہیں کروانی چاہئیں۔</u>**

کاغذی صورت میں درخواست جمع کروانے والے والدین کے لیے، جمع کرائی جانے والی دستاویزات میں درخواست فارم برائے سیکنڈری ون ڈسکریشنری پلیس اور متعلقہ اسکول کے لیے مطلوبہ دستاویزات شامل ہونی چاہئیں، مثال کے طور پر، طلباء کے اسکول کے رپورٹ کارڈز، ایوارڈز یا انعامات کے ریکارڈز، اور غیر نصابی سرگرمیوں اور کمیونٹی سروس کے سرٹیفکیٹ یا ریکارڈ۔ فوری طور پر دستیاب نہ ہونے والی معلومات، جیسے کہ پرائمری اسکولوں کے سفارشی خطوط کے ساتھ ساتھ انفرادی مضامین میں طلباء کے اسکورز یا رینک آرڈر کے جمع کروائےجانے کی ضرورت نہیں ہے۔

**(8) سوال اگر کسی طالب علم نے دو شریک سیکنڈری اسکولز میں درخواست دی ہے اور دونوں نے اسے قبول کرلیا ہے تو DP تفویض کرنے کے کیا معیار ہیں؟**

جواب ہرApplication Form پر منفرد درخواست نمبر کی بنیاد پر،EDB ہر طالب علم کے پہلے اور دوسرے انتخاب کا پتہ لگائے گا (کاغذی Application Form اورSSPA e-Platform کے ذریعے جمع کردہ درخواست اسکول کی ترجیح کے حوالے سے ایک ہی ترتیب کے ساتھ درخواستوں کے لیے ایک ہی درخواست نمبر رکھتی ہے)۔ اس کے بعد EDB صوابدیدی جگہوں کے لیے اسکولز کی کامیاب/ریزرو فہرستوں کے مقابل میں طلباء کی ترجیحات کا تقابل کرے گا۔ اگر کوئی طالب علم لڑکا/لڑکی ان دونوں اسکولز میں کامیاب ہو جاتا ہے جن کے لیے وہ درخواست دیتا یا دیتی ہے تو، تفویض کا فیصلہ طالب علم کی ترجیح کی ترتیب پر مبنی ہو گا۔ دوسرے الفاظ میں، طالب علم لڑکا/لڑکی کو اس کی پہلی پسند تفویض کی جائے گی۔

اگر والدین نے ایک ایسے سیکنڈری اسکول میں درخواست دی ہے جو آخر کار اس تفویضی دور میں SSPA سسٹم کے تحت S1 جگہیں پیش نہیں کرے گا تو، اس درخواست پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔

**(9) سوال دو سے زائد شریک سیکنڈری اسکولز میں درخواست نہیں دینے کے علاوہ، کیا طلباء ایک ہی وقت میں Jockey Club Ti-I College میں درخواست دے سکتے ہیں؟**

جواب جی ہاں، وہ دے سکتے ہیں۔ Jockey Club Ti-I College میں S1 داخلے کے لیے درخواست کی مدت 2 جنوری تا 20 جنوری 2026 تک ہے۔ اگر طلباء کی درخواست Jockey Club Ti-I College میں قبول ہوتی ہے تو، انہیں SSPA سسٹم کے تحت CA میں DP یا جگہ تفویض نہیں کی جائے گی۔ اگر وہ اپنی درخواست میں ناکام رہتے ہیں تو، انہیں تب بھی SSPA سسٹم کے ذریعے S1 جگہ تفویض کی جا سکتی ہے۔

**(10) سوال کیا طلباء بیک وقت ایسے ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم سیکنڈری اسکولز کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں جو SSPA (NDSS secondary schools) میں شریک نہ ہوں؟**

جواب جی ہاں، وہ دے سکتے ہیں. چونکہ NDSS secondary schools کی تعداد کی کوئی حد نہیں ہے جس میں ایک طالب علم درخواست دے سکتا ہے، اس لیے اس لڑکا/لڑکی کو کئی NDSS secondary schools قبول کر سکتے ہیں۔ تاہم، بشرطیکہ والدین نے دستخط شدہ بیان حلفی اور پرائمری 6 سٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کی اصل پیشکش کرنے والے اسکولز میں سے کسی ایک کو دے دی ہو، یہ NDSS secondary school کی طرف سے پیش کردہ S1 جگہ کی قبولیت اور دیگر سبسڈی والی S1 جگہوں (بشمول شریک سیکنڈری اسکولز اور Jockey Club Ti-I College کی S1 جگہوں) کو ترک کرنے کے معاہدہ کی تصدیق کے طور پر کام کرے گی۔ اسکول اپریل 2026 کے آخری اوائل تک والدین کے فیصلے سے EDB کو مطلع کرے گا۔ NDSS secondary schools سے کامیاب شریک طلباء کی فہرستیں موصول ہونے پر، EDB دیگر سیکنڈری اسکولز کی فہرست میں شامل طلباء کو SSPA سسٹم کے ذریعے تفویض نہیں کرے گا۔

**کامیاب DP درخواست دہندگان کو مطلع کرنے کے انتظامات (اطلاعی انتظامات)**

**(11) سوال SSPA سسٹم کے تحت کامیابی سے صوابدیدی جگہیں (DP) پانے والے درخواست دہندگان (اطلاعی انتظامات) کو مطلع کرنے کے کیا انتظامات ہیں؟**

جواب شروعات از SSPA 2020، تمام شریک سیکنڈری اسکولز (بشمول Jockey Club Ti-I College) کو، DP کی درخواستوں پر کارروائی کرنے کے بعد، تمام کامیاب درخواست دہندگان کے والدین کو ڈسکریشنری پلیسز کے کامیاب درخواست دہندگان کی فہرستوں میں ان کے بچوں کی شمولیت کے بارے میں CA سے پہلے ایک متعین تاریخ تک تحریری طور پر (مثلاً بذریعہ خط یا ای میل) اور بذریعہ فون مطلع کرنا ہو گا[2]۔ اسکولز کے لیے ضروری ہے کہ وہ والدین کو اطلاعی انتظامات سے اچھی طرح آگاہ رکھیں، اور رابطہ کی ضروری معلومات پہلے سے جمع کر کے رکھیں۔ اس SSPA دور کے لیے متعین تاریخ 31 مارچ 2026 ہے۔ SSPA e-Platform صارفین کے طور پر مندرج والدین، اسی دن صبح 10 بجے سے SSPA e-Platform کے ذریعے کامیاب DP درخواست دہندگان کے لیے اطلاعات بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ اطلاعی انتظامات ریزرو اور ناکام درخواست دہندگان پر لاگو نہیں ہوتے ہیں، اور نہ ہی یہ تفویضی نتائج ہیں۔ متعلقہ والدین کو متعلقہ سیکنڈری اسکولز سے یہ پوچھنے کے لیے کہ آیا وہ پیشکش قبول کریں گے یا نہیں، ریپلائے کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جن والدین کو شریک سیکنڈری اسکولز کی جانب سے کامیاب درخواستوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہے انہیں اپریل 2026 میں شروع ہونے والے CA مرحلے پر اسکول کے انتخاب کے فارم (Choice Form) میں اسکول انتخابات کا حصہ پُر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

مذکورہ اطلاعی انتظامات انتظامی تدابیر ہیں۔ موجودہ SSPA طریق کار اور کارروائیوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ اس SSPA دور کے تمام طلباء **7** جولائی 2026 کو SSPA تفویضی نتائج (بشمول DP اور CA مراحل کے نتائج) وصول کریں گے۔

اگر طلباء پرائمری اسکولز میں زیر تعلیم ہیں جو SSPA سسٹم میں حصہ نہیں لے رہے ہیں اور انہیں DP مرحلے پر اسکول کی جگہ تفویض کی گئی ہے تو، شریک سیکنڈری اسکول یا Jockey Club Ti-I College والدین کو کال کریں گے تاکہ وہ انہیں حکومتی DP کے نتائج اور 7 جولائی 2026 کو متعلقہ انتظامات (یعنی تفویضی نتائج کے اعلان کی تاریخ) سے آگاہ کریں۔ اگر ضروری ہو تو، والدین سیکنڈری اسکول (اسکولز) سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں جہاں انہوں نے 7 جولائی 2026 کو درخواست دی ہوئی ہو۔

**(12) سوال اگر طلباء نے دو شریک سیکنڈری اسکولز میں DP درخواستیں جمع کرائی ہوں تو، کیا انہیں بالترتیب دونوں اسکول کامیاب درخواست دہندگان کے طور پر مطلع کریں گے؟**

جواب ایسے انفرادی طلباء جنہوں نے دو شریک سیکنڈری اسکولز کو DP درخواستیں جمع کرائی ہوں اور دونوں درخواستوں میں کامیاب رہے ہوں، ان کے والدین کو بالترتیب دونوں شریک سیکنڈری اسکولز سے اطلاعات موصول ہوں گی۔ متعلقہ طلباء کو موجودہ SSPA طریق کار کے مطابق ان کی پہلی پسند کے اسکولز میں تفویض کیا جائے گا۔

**(13) سوال اطلاعی انتظامات کے تحت، کیا ریزرو اور ناکام درخواست دہندگان کو شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے ان کی درخواست کے نتائج کی پیشگی اطلاع دی جائے گی؟**

جواب اطلاعی انتظامات کے تحت، شریک سیکنڈری اسکولز سے صرف کامیاب درخواست دہندگان کو اسکولز کی صوابدیدی جگہیں کے لیے کامیاب فہرستوں میں ان کی شمولیت کی اطلاع دینا ضروری ہے۔ غیر ضروری غلط فہمیوں سے بچنے کے لیے اسکولز کو اپنے DP درخواست کے نتائج کے ریزرو اور ناکام درخواست دہندگان کو مطلع کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

---

[2] ڈسکریشنری پلیسز کےکامیاب درخواست دہندگان کو مطلع کرنے کے انتظامات اور نمونے کے اطلاعی خط کی تفصیلات کے لیے براہ مہربانی EDB سرکلر نمبر 18/2019 ملاحظہ کریں۔

**(14) سوال ریزرو درخواست دہندگان کو شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے کب مطلع کیا جائے گا کہ انہیں DP تفویض کی گئی ہے؟**

جواب اطلاعی انتظامات ریزرو اور ناکام درخواست دہندگان کے لئے قابلِ اطلاق نہیں ہیں۔ اس SSPA دور میں تمام طلباء (بشمول ریزرو درخواست دہندگان) 7 جولائی 2026 کو EDB سے حکومتی تفویضی نتائج پائیں گے۔

**(15) سوال شریک سیکنڈری اسکولز سے اطلاعات موصول ہونے کے بعد، کیا متعلقہ والدین کو اپنے اسکول کی ترجیح کی ترتیب کو متعلقہ اسکولز کے سامنے ظاہر کرنا ہو گا اور پیش کردہ DP کو قبول کرنے کی تصدیق کرنا ہو گی؟**

جواب موجودہ SSPA سسٹم کے مطابق، والدین پر اسکول کی ترجیح کی ترتیب ان اسکولز پر ظاہر کرنا ضروری نہیں ہے جن کے لیے انہوں نے درخواست دی ہے۔ اطلاعی انتظامات کے تحت شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے والدین کو موصول ہونے والے نوٹیفکیشنز تفویضی نتائج کا باضابطہ اجراء نہیں ہیں۔ لہٰذا، والدین پر اسکول کی ترجیح کی ترتیب ان اسکولز پر ظاہر کرنا ضروری نہیں ہے، اور نہ ہی بچوں کی کامیاب DP درخواستوں کی اطلاع آنے کے بعد پیش کردہ DP کو قبول کرنے کی تصدیق کرنا ضروری ہے۔

**(16) سوال کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے اطلاعات موصول ہونے کے بعد، کیا والدین اپنے بچوں کے لیے اسکول کی ترجیح کی ترتیب کو تبدیل کر سکتے ہیں؟**

جواب موجودہ SSPA طریق کار کے مطابق، ایک بار جمع کرانے پر، قطع نظر اس کے کہ درخواستیں SSPA e-Platformکے ذریعے جمع کرائی گئی ہیں یا کاغذی Application form میں، **<u>درخواستوں کو بازیافت یا منسوخ نہیں کیا جا سکتا ہے، اور اسکول کی ترجیح کی ترتیب میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا سکتی ہے</u>**۔ لہٰذا، والدین کو اس بات کی اجازت نہیں ہے کہ وہ شریک سیکنڈری اسکولز سے اپنے بچوں کی کامیاب DP درخواستوں کی اطلاع موصول ہونے کے بعد اسکول کی ترجیح کی ترتیب کو تبدیل کریں۔

**(17) سوال کیا شریک سیکنڈری اسکول والدین سے ان کے بچوں کے اسکول کی ترجیح کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں؟**

جواب موجودہ SSPA سسٹم کے تحت، جو والدین اپنے بچوں کے لیے DP کے لیے درخواست دیتے ہیں، انہیں متعلقہ اسکولز کو اپنی اسکول کی ترجیح کی ترتیب کو ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اطلاعی انتظامات کے تحت موجودہ SSPA طریق کار میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ اس لیے، شریک سیکنڈری اسکولز کو والدین سے متعلقہ معلومات کے بارے میں پوچھ تاچھ نہیں کرنی چاہیے۔

**(18) سوال ان والدین کے لیے جو اپنے بچوں کی کامیاب DP درخواستوں کی شریک سیکنڈری اسکولز سے اطلاعات موصول کرتے ہیں، کیا وہ DP سے دستبردار ہو سکتے ہیں اور CA میں شرکت کے لیے Choice Form کو پُر کر سکتے ہیں؟**

جواب موجودہ SSPA طریق کار کے تحت، تمام طلباء جنہیں DP تفویض کی گئی ہے، انہیں CA مرحلے پر اسکول کی دوسری جگہیں تفویض نہیں کی جائیں گی۔ لہٰذا، کامیاب DP درخواست دہندگان کے والدین کو Choice Form پر اسکول کے انتخاب کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہاں تک کہ اگر انہوں نے اپریل 2026 میں شروع ہونے والے CA مرحلے پر Choice Form پر اسکول کے انتخاب کیے ہیں، تب بھی ان کے بچوں کو موجودہ طریق کار کے مطابق DP مرحلے پر کامیابی کے ساتھ درخواست دینے والے سیکنڈری اسکولز میں تفویض کیا جائے گا۔

**(19) سوال کیا اطلاعی انتظامات DP نتائج کے حکومتی اجراء کے برابر ہیں؟ کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر شریک سیکنڈری اسکولز سے اطلاعات موصول ہونے کے بعد، کیا والدین کو فوری طور پر متعلقہ اسکولوں کے ساتھ رجسٹریشن کے طریقہ کار کو مکمل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے؟**

جواب انتظامی اقدامات کے طور پر اطلاعی انتظامات حتمی تفویضی نتائج کے اجراء جیسے نہیں ہیں۔ موجودہ SSPA طریقہ کار اور کارروائی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ اس SSPA دور کے تمام طلباء معمول کے مطابق جولائی 2026 میں SSPA تفویضی نتائج (بشمول DP اور CA مراحل کے نتائج) وصول کریں گے۔

جیسا کہ شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے والدین کو اطلاعات تفویضی نتائج کا باضابطہ اجراء نہیں ہیں، والدین کو متعلقہ اسکولز کے ساتھ رجسٹریشن کے طریقہ کار کو فوری طور پر مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ والدین کو 7 جولائی 2026 کو SSPA کے نتائج کے باضابطہ اجراء کے بعد تفویضی رسیدیں اور داخلہ رسیدیں موصول ہوں گی۔ اس کے مطابق، والدین کو ایک مخصوص مدت (یعنی 9 جولائی سے 10 جولائی 2026 تک) کے اندر تفویض شدہ سیکنڈری اسکولز کے ساتھ رجسٹریشن کے طریقہ کار کو مکمل کرنا ہو گا۔

**(20) سوال شریک سیکنڈری اسکولز کو کن باتوں پر غور کرنے کی ضرورت ہے جب وہ متعین تاریخ پر کامیاب DP درخواست دہندگان کے والدین کو تحریری طور پر اور فون کے ذریعے مطلع کرتے ہیں؟**

جواب والدین سے DP درخواستیں وصول کرتے وقت (خاص طور پر ان والدین کے لیے جو ہانگ کانگ سے باہر مقیم/کام کر رہے ہوں)، اسکولز کو چاہیے کہ وہ مناسب وقت پر رابطہ معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کی یاد دہانی کرائیں۔ والدین کو متعین تاریخ پر کامیاب DP درخواست دہندگان کو تحریری طور پر (مثلاً بذریعہ خط یا ای میل)اور بذریعہ فون مطلع کرنے کے انتظامات سے بھی اچھی طرح آگاہ کیا جانا چاہیے۔ مزید یہ کہ، **اسکولز کو مناسب انتظامات کرنے چاہئیں، بشمول مخصوص تاریخ پر (اور اس سے پہلے نہیں) میٹنگ یا ای میلنگ کے لیے وقت مختص کرنا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کامیاب درخواست دہندگان کے والدین کو اسکولز کی ڈسکریشنری پلیسز کے لیے کامیاب فہرستوں میں ان کے بچوں کی شمولیت کی تحریری اطلاع موصول ہو جائے، اور متعلقہ والدین کو مخصوص تاریخ پر (اور اس سے پہلے نہیں) فون کال کرنے کا وقت طے کرنا، نیز ایسے معاملات کے لیے انتظامات وضع کرنا جن میں والدین سے متعین تاریخ پر رابطہ نہیں کیا جا سکتا، وغیرہ کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔**

**(21) سوال شریک سیکنڈری اسکولز کو والدین سے فون استفسارات پر مکالمہ کیسے کرنا چاہیے کہ آیا ان کے بچے اسکولز کے کامیاب DP درخواست دہندگان ہیں یا نہیں؟**

جواب فون پر کال کرنے والے کی شناخت کی تصدیق کرنے میں دشواریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے، اسکولز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ پرسنل ڈیٹا (پرائیویسی) آرڈیننس کی خلاف ورزی نہ کرنے کے لیے ایسے استفسارات کرتے وقت انفرادی کامیاب DP درخواست دہندگان کی معلومات کو ظاہر نہ کریں۔ اسکول والدین کو ان طریقوں سے آگاہ کر سکتے ہیں جن میں کامیاب DP درخواست دہندگان کے والدین کو مطلع کیا جائے گا، اور انہیں یاد دلائیں کہ SSPA e-Platform صارفین کے طور پر مندرج والدین بھی اسی دن صبح 10 بجے سے SSPA e-Platform کے ذریعے کامیاب DP درخواست دہندگان کے لیے اطلاعات موصول کر سکتے ہیں۔ اگر والدین دیگر استفسارات کریں تو، اسکول ان کو اپنے اسکول پر مبنی انکوائری طریق کار کے مطابق نپٹا سکتے ہیں۔

**(22) سوال کامیاب DP درخواست دہندگان کے والدین کو تحریری طور پر اور بذریعہ فون مطلع کرنے کے علاوہ، کیا سیکنڈری اسکولز انہیں مطلع کرنے کے لیے دیگر ذرائع استعمال کر سکتے ہیں؟**

جواب کامیاب DP درخواست دہندگان کے والدین کو تحریری طور پر (مثلاً بذریعہ خط یا ای میل) اور بذریعہ فون مطلع کرنے کے علاوہ، اگر ضروری ہو تو اسکول دوسرے طریقوں سے بھی کامیاب DP درخواست دہندگان کے والدین کو مطلع کر سکتے ہیں۔ تاہم، اسکولز کو پرسنل ڈیٹا (پرائیویسی) آرڈیننس کے اصولوں اور تقاضوں کی تعمیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جب متعلقہ والدین کو دیگر ذرائع سے مطلع کیا جائے۔

**(23) سوال بعض طلباء کو شریک سیکنڈری اسکولز میں کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر مطلع کیا جاتا ہے اور NDSS سیکنڈری اسکول کی طرف سے S1 جگہ کی پیشکش بھی کی جاتی ہے۔ اگر وہ NDSS سیکنڈری اسکول کی پیشکش کو مسترد کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو، انہیں والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی اور پرائمری 6 سٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کی اصل دستاویزات متعلقہ NDSS سیکنڈری اسکول سے کیوں واپس لینی چاہئیں؟ اگر دستاویزات کی بازیافت نہیں کی جاتی ہے تو، کیا آخر کار طلباء متعلقہ شریک سیکنڈری اسکولز میں تفویض کر دیے جائیں گے؟**

جواب موجودہ طریق کار کے مطابق، عوامی وسائل کے مؤثر استعمال کے پیش نظر، NDSS سیکنڈری اسکولز ان طلباء کے والدین سے دستخط شدہ بیان حلفی اور اس کے ساتھ پرائمری 6 سٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کی اصل دستاویزات وصول کریں گے تاکہ پیشکش کی قبولیت کی تصدیق ہو سکے اور یہ طے ہو کہ وہ دیگر سبسڈی شدہ S1 پلیسز سے (بشمول شریک سیکنڈری اسکولز کی S1 پلیسز اور Jockey Club Ti-I College) سے دستبردار ہو رہے ہیں جو کہ انہیں SSPA سسٹم کے ذریعے تفویض ہوئی ہوں، تاکہ متعلقہ طلباء کو ایک ہی وقت میں دو سبسڈی والے سیکنڈری اسکولز پلیسز کے حصول سے روکا جا سکے۔ اطلاعی انتظامات کے تحت، اگر طلباء کو شریک سیکنڈری اسکولز (بشمول Jockey Club Ti-I College) کو کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر مطلع کیا گیا ہے اور ایک NDSS سیکنڈری اسکول کی جانب سے S1 جگہ کی پیشکش بھی کی گئی ہے تو، انہیں فیصلہ کرنا ہوگا کہ آیا اپریل 2026 میں ایک مخصوص مدت کے اندر NDSS سیکنڈری اسکول کی اس پیشکش کو مسترد کر دیا جائے۔ عام حالات میں SSPA 2026 کے لیے NDSS سیکنڈری اسکولز کے نوٹیفیکشن کی آخری تاریخ 10 اپریل 2026 ہے۔ اگر والدین متعلقہ NDSS سیکنڈری اسکولز کو مطلع نہیں کرتے ہیں اور والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی کی اصل دستاویز اور پرائمری 6 سٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کو مقررہ مدت کے اندر بازیافت نہیں کرتے ہیں تو، موجودہ نظام کے تحت، متعلقہ طلباء کو اپریل 2026 کے آخر میں جمع کردہ NDSS اسکولز کی کامیاب شریک طلباء کی فہرستوں میں شامل کیا جائے گا اور اسی طرح ان کے لیے شریک سیکنڈری سکولز میں S1 پلیسز تفویض نہیں کی جائیں گی، بشمول ان اسکولز کے جنھوں نے انہیں کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر منتخب کیا ہے۔

**(24) سوال کیا NDSSسیکنڈری اسکولز والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی اور پرائمری 6 اسٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کی اصل دستاویزات کی بازیافت کے لیے والدین کی درخواستوں کو مسترد کر سکتے ہیں؟**

جواب والدین کے فیصلے کی تصدیق کے طور پر والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی اور پرائمری 6 اسٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کی اصل دستاویز جمع کرنے کا موجودہ انتظام عوامی وسائل کے استعمال کو بہتر بنانے اور متعلقہ طلباء کو ایک ہی وقت میں دو سبسڈی والے سیکنڈری اسکول پلیسز پر قبضہ کرنے سے روکنے کے اصول پر مبنی ہے۔ اطلاعی انتظامات کے تحت، اگر کامیاب DP درخواست دہندگان کے والدین NDSS سیکنڈری اسکولز کی جانب سے پیشکش کو مسترد کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو، انہیں متعلقہ NDSS سیکنڈری اسکولز کو مطلع کرنا چاہیے اور والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی کی اصل دستاویز اور پرائمری 6 سٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کو ایک مخصوص مدت میں بازیافت کرنا چاہیے۔ عام حالات میں 2026 SSPA کے لیے NDSS سیکنڈری اسکولز کے نوٹیفیکشن کی آخری تاریخ 10 اپریل 2026 ہے۔ NDSS سیکنڈری اسکولز کو والدین کی درخواست پر متعلقہ دستاویزات واپس کرنا ہوں گی۔ ایک بار والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی کی اصل دستاویز بازیافت ہو جائے تو، یہ اس بات کی تصدیق کے طور پر کام کرے گی کہ والدین نے NDSS سیکنڈری اسکولز میں اسکول پلیسز ترک کر دی ہیں۔ اس لیے، والدین کو فیصلہ کرنے سے پہلے احتیاط سے غور کرنا چاہیے۔

**(25) سوال اگر کامیاب DP درخواست دہندگان کے والدین مقررہ مدت کے اندر NDSS secondary schools سے والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی اور پرائمری 6 اسٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کی اصل دستاویز بازیافت نہیں کرتے ہیں تو، کیا وہ بعد میں متعلقہ اسکولز سے ان دستاویزات کو دوبارہ حاصل کرسکتے ہیں تاکہ NDSS secondary schools میں اسکول کی جگہوں سے دستبردار ہوا جائے؟**

جواب موجودہ انتظامات کے تحت، والدین NDSS secondary schools کو NDSS secondary schools کی جانب سے پیشکشوں کی منظوری کی تصدیق اور دیگر S1 جگہوں (بشمول شریک سیکنڈری سکلولز اور Jockey Club Ti-I College کی S1 جگہیں) جو SSPA سسٹم کے ذریعے تفویض کی جائیں گی کو ترک کرنے کے لیے والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی اور پرائمری 6 اسٹوڈنٹ ریکارڈ فارم جمع کرائیں گے۔

اطلاعی انتظامات کے تحت، جیسا کہ بعض طلباء NDSS secondary schools کی طرف سے پیش کردہ اسکول کی جگہوں کو DP کے کامیاب درخواست دہندگان کے طور پر شریک سیکنڈری سکولز کی طرف سے اطلاع موصول ہونے کے بعد مسترد کر سکتے ہیں، متعلقہ والدین ایک مقررہ مدت کے اندر NDSS secondary schools سے والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی کی اصل دستاویز اور پرائمری 6 سٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کو دوبارہ حاصل کر سکتے ہیں تاکہ NDSS secondary schools خالی آسامیوں کو پُر کرنے کے لیے اپنی ویٹنگ لسٹ کے مطابق دوسرے طلباء کو داخل کر سکیں۔ اور اپریل 2026 کے آخر تک کامیاب شریک طلباء کی فہرستیں EDB کو پیش کر سکیں۔ اس سلسلے میں، عام حالات میں، کامیاب DP درخواست دہندگان کے والدین کو مقررہ مدت کے بعد NDSS secondary schools سے والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی کی اصل دستاویز اور پرائمری 6 سٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کو بازیافت نہیں کرنا چاہیے۔

**(26) سوال اگر والدین نے NDSS secondary schools سے والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی کی اصل دستاویز اور پرائمری 6 سٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کو اسکول جگہوں کی پیشکش سے دستبردار ہونے کی تصدیق کے لیے حاصل کیا ہے تو، کیا وہ متعلقہ NDSS secondary schools سے اپنے بچوں کو مستقبل میں دوبارہ داخل کرنے کی درخواست کرسکتے ہیں؟**

جواب اگر والدین نے NDSS secondary schools سے والدین کے دستخط شدہ بیان حلفی اور پرائمری 6 اسٹوڈنٹ ریکارڈ فارم کی اصل دستاویز کی بازیافت کی ہے تو، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے NDSS secondary schools کی طرف سے پیش کردہ جگہوں سے دستبردار ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ جولائی 2026 میں SSPA کے نتائج کے اجراء کے بعد، اگر والدین متعلقہ NDSS secondary schools میں S1 جگہوں کے لیے دوبارہ درخواست دیں گے تو، اسکول یہ فیصلہ کرسکتے ہیں کہ آیا ان کے اسکول پر مبنی طلباء کے داخلہ کے طریقہ کار کے مطابق طلباء کو داخل کیا جائے۔

**(27) سوال اگر طلباء کو کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے مطلع نہیں کیا گیا ہے، تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ انہیں DP مرحلے پر اسکول کی جگہ مختص نہیں کی جائے گی؟**

جواب اطلاعی انتظامات کے تحت، بعض طلباء دو شریک سیکنڈری اسکولز سے اپنی کامیاب DP درخواستوں کی اطلاعات وصول کر سکتے ہیں اور انہیں آخر کار موجودہ SSPA طریق کار کے مطابق ان کی پہلی پسند کے اسکولز میں تفویض کیا جائے گا، جس سے ایک اسکول کی جگہ دستیاب ہو گی۔ اس کے علاوہ، بعض کامیاب درخواست دہندگان اپنے لیے تفویض شدہ DP کو چھوڑ سکتے ہیں اور NDSS secondary schools کی جانب سے پیش کردہ جگہوں کو قبول کر سکتے ہیں۔ ان کامیاب DP درخواست دہندگان کے لیے تفویض جگہیں بھی دستیاب کر دی جائیں گی۔ اس لیے، بعض طلبا جن کو مطلع نہیں کیا گیا ہے انہیں اسکولز میں S1 جگہ تفویض کی جا سکتی ہے جس میں انہوں نے ریزرو درخواست دہندگان کی حیثیت سے DP مرحلے پر درخواست دی ہو۔

**(28) سوال کیا والدین دیگر ترجیحی سیکنڈری اسکولز سے رابطہ کر سکتے ہیں اور شریک سیکنڈری اسکولز کی جانب سے کامیاب DP درخواست دہندگان کا نوٹیفیکیشن جاری کرنے کے بعد داخلے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں؟**

جواب موجودہ SSPA طریق کار کے تحت، اسکولز کی S1 جگہیں، ریپیٹر اور DP کوٹہ کے منہا کیے جانے کے بعد، CA کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ سیکنڈری اسکولز کو جولائی 2026 میں تفویضی نتائج کے اجراء سے پہلے کسی بھی ممکنہ غیر استعمال شدہ جگہوں کو پُر کرنے کے لیے داخلے کا کوئی طریقہ ہائے کار (بشمول درخواستیں قبول کرنے، طلباء کو منتخب کرنے یا داخل کرنے کا طریقہ کار) اختیار نہیں کرنا چاہیے۔ یہ والدین اور طلباء پر غیر ضروری دباؤ لانے سے بچنے اور غیر منصفانہ حالات سے گریز کے لیے ہے۔ اسی طرح، والدین کو اسکول کے امور کو متاثر ہونے سے بچانے کے لیے تفویضی نتائج کے اجراء سے پہلے دوسرے ترجیحی سیکنڈری اسکولز سے رابطے میں نہیں رہنا چاہیے۔

**(29) سوال کیا شریک پرائمری اسکولز کو اب بھی ایسے طلبا کے داخلی تشخیصی نتائج کی جمع آوری کی ضرورت ہے جنہیں ان کے ایلوکیشن بینڈز کے حساب سے کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر مطلع کیا گیا ہو؟**

جواب اطلاعی انتظامات کے تحت SSPA کا موجودہ طریقہ کار بدستور برقرار ہے۔ شریک پرائمری اسکولز کو اب بھی تمام طلباء کے لیے پرائمری 5 کے آخر میں، پرائمری 6 کے وسط میں اور اس کے آخر میں داخلی تشخیص (IA) کے نتائج جمع کروانے کی ضرورت ہوتی ہے (بشمول وہ جو کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے مطلع کیے گئے ہوں یا وہ جنہیں NDSS secondary schools نے داخلہ دیا ہو)۔ CA مرحلے میں، علاقے/یکساں اسکول نیٹ میں شریک تمام طلباء کے سکیلڈ نمبرز کو کمپیوٹر کے ذریعے میرٹ کی ترتیب میں رکھا جائے گا۔ پھر طلباء کو یکساں طور پر تین علاقے/نیٹ بینڈز میں تقسیم کیا جائے گا، ہر ایک علاقہ/ یکساں اسکول نیٹ میں شریک طلباء کی کل تعداد کا ایک تہائی پر مشتمل ہو گا۔ دوسرے الفاظ میں، ہر بینڈ میں طلباء کی تعداد کا تعین شریک طلباء کی کل تعداد سے ہوتا ہے۔ اطلاعی انتظامات کے تحت، تمام شریک طلباء کے ایلوکیشن بینڈز (بشمول وہ جنہیں کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر مطلع کیا گیا ہو) کو ان کے IA نتائج کے معیار کی بنیاد پر شمار کیا جائے گا۔

**(30) سوال EDB اپریل 2026 کے شروع میں ہر شریک پرائمری اسکول کو کامیاب DP درخواست دہندگان کی متعلقہ فہرست کیوں فراہم کرتا ہے؟**

جواب EDB ہر شریک پرائمری اسکول کو اپریل 2026 کے شروع میں کامیاب DP درخواست دہندگان کی متعلقہ فہرست فراہم کرتا ہے تاکہ پرائمری اسکولز کو متعلقہ والدین کو یاد دلانے میں سہولت فراہم کی جا سکے کہ انہیں CA مرحلے پر اسکول کے انتخاب کرنے کی ضرورت نہیں ہے، اور ان طالب علموں کو CA کی تیاری میں مناسب مدد فراہم کی جائے گی جن کو اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ متعلقہ سیکنڈری اسکولز کے نام، DP درخواستوں میں اسکول کی ترجیح کی ترتیب اور یہ کہ آیا طلباء کو ایک یا دو سیکنڈری اسکولز کی طرف سے کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر منتخب کیا گیا ہے، کو فہرستوں میں نہیں دکھایا جائے گا۔

**(31) سوال کیا پرائمری یا سیکنڈری اسکولز عوام کو ان طلباء کے تناسب یا تعداد ظاہر کر سکتے ہیں جنہیں شریک سیکنڈری اسکولز نے کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر مطلع کیا ہے؟**

جواب اطلاعی انتظامات کے تحت، انفرادی طلباء کو دو شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر منتخب کیا جا سکتا ہے۔ انہیں بالآخر ان کی پہلی پسند کے اسکولز تفویض کیے جائیں گے اور بعض کامیاب درخواست دہندگان NDSS secondary schools میں تعلیم حاصل کرنے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ لہٰذا، بعض طلباء جنہیں کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر منتخب نہیں کیا گیا ہے، انہیں اب بھی ریزرو درخواست دہندگان کی جگہ DP تفویض کیے جانے کا موقع مل سکتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر مطلع کردہ طلباء کا تناسب یا تعداد حتمی DP درخواست کے نتائج نہیں ہیں۔ کسی اسکول کے صوابدیدی جگہیں کے لیے کامیاب فہرست میں شامل طلباء کو آخر حتمی طور پر وہی اسکول ہی تفویض نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ، DP مرحلے پر طلباء کو کامیاب درخواست دہندگان کے طور پر منتخب کیا جائے گا یا نہیں، یہ مختلف عوامل، بشمول اسکولز کے انتخاب کے لیے والدین کی حکمت عملی، درخواست دہندگان کی تعداد، داخلہ کے معیار اور عطائے درجہ بندی، اور اسکول کی جگہوں کی تعداد، وغیرہ سے متاثر ہوتا ہے۔ اس لیے، شریک سیکنڈری اسکولز کی طرف سے کامیاب DP درخواستوں کی اطلاع حاصل کرنے والے طلباء کا تناسب یا تعداد دراصل متعلقہ اسکولز کی تعلیمی سطح یا مجموعی کارکردگی کی نشاندہی نہیں کرتا۔ پرائمری یا سیکنڈری اسکولز کو متعلقہ معلومات/ڈیٹا کو ظاہر کرنے کی اجازت نہیں ہے تاکہ CA مرحلے پر اسکولز کو منتخب کرنے کے لیے دیگر طلباء کی حکمت عملیوں کو متاثر ہونے سے بچایا جا سکے۔

اسکول پلیسز ایلوکیشن سیکشن
ایجوکیشن بیورو
ستمبر 2025